**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**

**36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

3جولائی2026ء

# پریس ریلیز

## امریکہ۔ایران مذاکرات میں پاکستان کا کردار قابلِ تحسین ہے،اپنے گھر کو درست کرنے پر بھی توجہ دی جائے۔

## عوام کو اُن کے تمام آئینی حقوق دیئے جائیں گے تو اُن کی ناراضگی دور ہو گی۔

## ملکی سالمیت کے لیے قرآن وسنت کی بالادستی والے نظام کا نفاذ ناگزیر ہے۔

**(شجاع الدین شیخ)**

**لاہور(پ ر):** امریکہ۔ایران مذاکرات میں پاکستان کا کردار قابلِ تحسین،اپنے گھر کو درست کرنے پر بھی توجہ دی جائے۔ عوام کو اُن کے تمام آئینی حقوق دیئے جائیں گے تو اُن کی ناراضگی دور ہو گی۔ ملکی سالمیت کے لیے قرآن وسنت کی بالادستی والے نظام کا نفاذ ناگزیر ہے۔اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔اُنہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر مذاکراتی عمل کو شروع کروانے میں پاکستان نے جس طرح مثبت کردار ادا کیا وہ خوش آئند ہے اور اُسے عالمی سطح پر بھی سراہا گیا ہے۔اب اِس سے آگے بڑھ کر اپنے گھر کو درست کرنے اور پھر عالمِ اسلام کے اتحاد کے لیے کمر کسنے کی ضرورت ہے۔اُنہوں نے کہا کہ بلوچستان اور کے پی میں تشدد کے بڑھتے ہوئے واقعات لمحہ ٔ فکریہ ہیں اور اگرچہ اِس میں 'فتنہ ہندوستان' کا بھی کردار ہے لیکن اِس میں بھی شک کی گنجائش نہیں کہ اِن صوبوں کے عوام کے ساتھ کی گئی زیادتیوں کے نتیجہ میں عدم اعتماد اور ناراضگی کی فضا پیدا ہوئی، جس کا جلد از جلد ازالہ کیا جانا ضروری ہے۔ پھر یہ کہ آزاد کشمیر میں عوامی احتجاج پر حکومتی کریک ڈاؤن سے نہ صرف پاکستان کے کشمیر پر اصولی مؤقف میں کمزوری پیدا ہوئی ہے بلکہ بھارت سمیت پاکستان دشمن قوتیں آزاد کشمیر کے حالات کو مزید بگاڑنے کے لیے متحرک ہو چکی ہیں۔اُنہوں نے کہا کہ برادر مسلم ملک افغانستان کے ساتھ کشیدگی کو کم کرنے کے لیے مذاکرات کا لائحہ عمل اختیار کیا جائے۔ حقیقت یہ ہے کہ عالمی سطح پر اگر پاکستان نے مستقبل میں مسلم ممالک کے اتحاد واتفاق کے لیے کوئی کام کرنا ہے تو پہلے اپنے گھر کو درست کرنا ہو گا۔ عوام کے تمام حقوق کی پاسداری کرنا ہو گی۔ سیاسی، معاشی، معاشرتی، عدالتی الغرض انفرادی اور اجتماعی ہر دو سطح پر اسلام کے عادلانہ نظام کا نفاذ کرنا ہو گا۔امیر تنظیم نے کہا کہ ملکی سالمیت اور اُمّتِ مُسلمہ کی فلاح و بہبود کے بڑے مشن کو ادا کرنے کے لیے پاکستان میں قرآن وسنت کی بالادستی قائم کر کے ملک کو حقیقی معنوں میں ایک اسلامی فلاحی ریاست بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

جاری کردہ

**رضاءالحق**

مرکزی ناظم نشرواشاعت

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: July 3rd, 2026**

## Pakistan's role in the America-Iran negotiations is commendable; attention should also be paid to putting its own house in order.

## If the people are granted all their constitutional rights, their grievances will be removed.

## For the security and integrity of the country, the implementation of the system based on the supremacy of the Qur'an and Sunnah is indispensable.

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that the positive role Pakistan has played in initiating the negotiation process at the global level is welcome and has also been appreciated internationally. Now, moving beyond this, there is a need to put our own house in order and then gird ourselves for the unity of the Muslim world. He said that the increasing incidents of violence in Balochistan and KP are a matter of grave concern, and although Indian mischief-making also has a role in this, there is also no room for doubt that the injustices committed against the people of these provinces have created an atmosphere of mistrust and resentment, which must be addressed as soon as possible. Moreover, the government crackdown on public protests in Azad Kashmir has not only weakened Pakistan's principled position on Kashmir, but anti-Pakistan forces, including India, have also become active in further worsening the situation in Azad Kashmir. He said that a course of negotiations should be adopted to reduce tensions with the brotherly Muslim country Afghanistan. The reality is that if Pakistan is to play any role in the future for unity and harmony among Muslim countries at the global level, it must first put its own house in order. All rights of the people must be fully respected. The just system of Islam must be implemented at the political, economic, social, and judicial levels — in short, at both individual and collective levels. The Ameer of Tanzeem said that, in order to fulfill the great mission of the security and integrity of the country and the welfare and well-being of the Muslim Ummah, it is our collective responsibility to establish the supremacy of the Qur'an and Sunnah in Pakistan and make the country an Islamic welfare state in the true sense.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**